# JAMIA NAMA

(January, 2023 to March, 2023)-AIOU

# جامعہ نامہ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد


سرپرست اعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود (وائس چانسلر)

منیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر بخت روان

مجلس ادارت: ڈاکٹر سائرہ اقبال، حافظ حسان احمد، عمیر بن ندیم

نیوز ایڈیٹر: عزیز الرحمٰن

کاپی ایڈیٹر: عنبرین اعجاز

لے آوٹ ڈیزائن: محمد عمران رفیق

فوٹوگرافی: تذکیر احمد، آفتاب شاہ، نور الاسلام


## حکومت بچوں کی تعلیم پر بھرپور توجہ دے رہی ہے۔ رانا تنویر حسین



وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، رانا تنویر حسین نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں سینٹر آف ایکسی لینس فار ارلی چائیلڈ ہوڈ ڈیولپمنٹ (ای سی ڈی) کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت بچوں کی تعلیم پر بھرپور توجہ دے رہی ہے اور کمسن بچوں کو مضبوط بنیاد فراہم کرنے کے لئے سکولوں میں پری ون کلاس شروع کرانے کی خواہش رکھتی ہے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ بچوں کی ابتدائی تعلیم و تربیت کے لئے سینٹر کا قیام علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا لائق تحسین اقدام ہے جس پر یونیورسٹی انتظامیہ مبارکباد کی مستحق ہے۔ وائس چانسلر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے اس سینٹر کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے بتایا کہ یہ عمارت روپانی فاؤنڈیشن کے تعاون سے تعمیر کی جارہی ہے۔

## اس شمارے میں شامل


- ★ اوپن یونیورسٹی اور مصر کی جامعہ الازھر کے مابین معاہدہ۔
- ★ اوپن یونیورسٹی اور ایران کی دانشگاہ آزاد اسلامی کے مابین معاہدہ۔
- ★ سیمینارز اور کانفرنسز کی خبریں

# اوپن یونیورسٹی میں "خواندگی کی نئی تعریف" پر تحقیق کی رونمائی

## پوری دنیا میں خواندگی کو جانچنے کے معیار تبدیل ہو گئے ہیں، سینیٹر ثناء جمالی

### خواندگی میں اضافہ کے لئے مشترکہ جدوجہد کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر ناصر محمود

اوپن یونیورسٹی میں جدید دور کے تناظر میں خواندگی کی تعریف وضع کرنے کے حوالے سے کی جانے والی تحقیق کی تقریب رونمائی 7 مارچ 2023ء کو یونیورسٹی کے مین کیمپس میں منعقد ہوئی۔ سینیٹر ثناء جمالی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شریک ہوئیں۔ جبکہ صدارت وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کی۔ جائیکا کی چیف ایڈوائزر، جی ہوا واہاشی اور ڈپٹی چیف ایڈوائزر، عابد گل، یونیورسٹی کے رجسٹرار، راجہ عمر یونس



کے علاوہ ڈین فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک اسٹڈیز پروفیسر ڈاکٹر شاہ محی الدین ہاشمی بھی تقریب میں شامل ہوئے۔ سینیٹر ثناء جمالی نے کہا کہ پوری



دنیا میں خواندگی کو جانچنے کے معیار تبدیل ہو گئے ہیں، اسی اعتبار سے خواندگی کی تعریف بھی تبدیل ہو رہی ہے، دور جدید کے تقاضوں کے مطابق خواندگی کی تعریف کرنے کیلئے تحقیق کرنا ایک قابل ستائش عمل ہے اور تمام ادارے اس پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ جدت کے اس دور میں خواندگی کا تعارف



تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، پڑھائی لکھائی کے علاوہ ہنر کا شمار بھی خواندگی میں ہونا چاہیے۔ ڈاکٹر ناصر کا کہنا تھا کہ کم شرح خواندگی ایک قومی مسئلہ ہے اور خواندگی میں اضافہ کے لئے مشترکہ جدوجہد کی ضرورت ہے۔



# اوپن یونیورسٹی میں "پاکستان اور آذر بائیجان کے تعلقات" پر سیمینار کا انعقاد

## آذر بائیجان مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے موقف کی حمایت کرتا ہے۔سفیر آذر بائیجان، خضر فرہادوف

پاکستان اور آذر بائیجان دو برادر مسلم ممالک ہیں جو تاریخی، ثقافتی، مذہبی، جغرافیائی اور سیاسی رشتوں سے آپس میں جڑے ہوئے ہیں، آذر بائیجان مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے موقف کی حمایت کرتا ہے اور اس مسئلے کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں حل کا خواہاں ہے۔اِن خیالات کا اظہار آذر بائیجان کے سفیر، خضر فرہادوف نے "پاکستان اور آذر بائیجان کے تعلقات" کے موضوع پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں منعقدہ سیمینار سے خطاب میں کیا۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک نے اقوام متحدہ اور او آئی سی جیسے مختلف بین الاقوامی فورمز پر ہمیشہ ایک دوسرے کا ساتھ دیا۔سفیر نے مزید کہا کہ دونوں ممالک آپس میں تجارتی حجم کو مزید بڑھانے کے لئے اقدامات اٹھا رہے ہیں۔اُن کا کہنا تھا کہ خدمات کے شعبے میں آذر بائیجان کو پاکستان سے آئی ٹی اور فارما انڈسٹری کے ہنرمند اور تجربہ کار افراد کی خدمات درکار ہیں۔آذر بائیجان کے سفیر نے کہا کہ اسلام آباد میں آذر بائیجان کا سفارت خانہ پاکستانی شہریوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی کوشش کر رہا ہے تاکہ وہ تین دن کے بجائے صرف تین گھنٹے میں باآسانی آن لائن ویزے حاصل کرسکیں۔انہوں نے آذر بائیجان کی نئی نسل کی تربیت کے لئے زبانوں اور تاریخ کے میدان میں اوپن یونیورسٹی اور آذر بائیجان کی جامعات کے مابین اشتراک عمل کی خواہش کا اظہار کیا۔



اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ پاکستان دوسرا ملک تھا جس نے 1991ء میں آذر بائیجان کی آزادی کو تسلیم کیا اور دونوں ممالک کے مابین 1992ء میں سفارتی تعلقات قائم ہوئے۔انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی تعلیمی اشتراک سے دونوں برادر ممالک کے تعلقات کو مزید مضبوط بنا سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی نے تعلیمی دائرہ کار پوری دنیا تک پھیلا دیا ہے، آذر بائیجان کے لوگ پاکستان کی اس قومی جامعہ سے آن لائن تعلیم حاصل کرسکتے ہیں۔



# اوپن یونیورسٹی اور مصر کی جامعہ الازھر کے مابین معاہدہ

## فیکلٹی ممبران کی تربیت کے لئے بین الاقوامی جامعات کے ساتھ معاہدوں پر خصوصی توجہ مرکوز ہے۔ڈاکٹر ناصر محمود

اوپن یونیورسٹی اور عالم اسلام کی قدیم ترین درسگاہ، مصر کی جامعہ الازھر کے مابین مفاہمت کی یاداشت (MoU) پر دستخطوں کی تقریب 10 فروری 2023ء کو منعقد ہوئی۔معاہدے کے مطابق تعلیم و تحقیق، فیکلٹی اور طلبہ کے ایکسچینج پروگرامز کے لئے مشاورت کی جائے گی اور مل کر کام کیا جائے گا۔علاقائی زبانیں سیکھنے کے لئے جامعہ الازھر کے فیکلٹی ممبرز اور طلبہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا دورہ کرسکیں گے اور اوپن یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبرز اور طلبہ جامعہ الازھر کا دورہ کرسکیں گے۔معاہدے کے مطابق مستقبل میں دونوں جامعات مشترکہ ڈگری پروگرام شروع کریں گے اور ایک دوسرے کی یونیورسٹیوں سے فیکلٹی ممبران پی ایچ ڈی اور پوسٹ ڈاک کرسکیں گے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ تعلیمی معیار میں اضافہ کے لئے فیکلٹی ممبران کی تربیت ضروری ہے جس کے لئے بین الاقوامی جامعات کے ساتھ معاہدوں پر خصوصی توجہ مرکوز ہے۔دستخطوں کی تقریب کے موقع پر شعبہ بین الاقوامی امور کے ڈائریکٹر، ڈاکٹر زاہد مجید بھی موجود تھے جنہوں نے یونیورسٹی کی پروفائل پر تفصیلی بریفنگ دی۔



# اوپن یونیورسٹی اور ایران کی دانشگاہ ادیان و مذاہب کے مابین تعلیمی اشتراک عمل

اوپن یونیورسٹی اور ایران کی دانشگاہ ادیان و مذاہب کے مابین تعلیمی اشتراک عمل کو آگے بڑھانے کے لئے معاہدے پر دستخطوں کی تقریب منعقد ہوئی۔اوپن یونیورسٹی کی جانب سے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے جبکہ دانشگاہ ادیان و مذاہب کے صدر، سید ابوالحسن نواب نے معاہدے پر دستخط کئے۔وفد کی قیادت یونیورسٹی برائے ادیان و مذاہب کے صدر، سید ابوالحسن نواب نے کی۔ ایرانی ماہرین تعلیم نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تعلیمی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا پاکستانی تاریخ میں ایک تاریخی کردار ہے، علم و دانش ملک کے ہر کونے تک پہنچانے میں کامیابی حاصل کی اور شرح تعلیم بلند کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ وفد کی تشریف آوری سے ایرانی اور پاکستانی جامعات کے درمیان روابط مزید مضبوط ہوں گے۔انہوں نے کہا پاک،ایران نے ہر مشکل گھڑی میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا۔ڈاکٹر ناصر محمود نے مزید بتایا کہ ایران کی مختلف جامعات میں تقریباً 25 ہزار پاکستانی زیر تعلیم ہیں۔اُن کا کہنا تھا اگر اوپن یونیورسٹی کو سینٹر کے قیام کے لئے ایران میں مناسب جگہ مل جائے تو ہم دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات تعلیم کے ذریعے مزید مضبوط کر سکتے ہیں۔



# اوپن یونیورسٹی اور ایران کی دانشگاہ آزاد اسلامی کے مابین مفاہمت کی یاداشت پر دستخطوں کی تقریب

## پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی،ثقافتی اور سیاسی تعلقات مزید بہتر ہو رہے ہیں ۔ایرانی سفیر،سید محمد علی حسینی

پاکستان اور ایران کے درمیان تعلقات مزید بہتر ہو رہے ہیں اور خوش قسمتی سے دونوں برادر اسلامی ممالک کے تعلقات کو پاکستان کی ہر حکومت بڑی اہمیت دیتی رہی ہے اِن خیالات کا اظہار پاکستان میں ایرانی سفیر، سید محمد علی حسینی نے اوپن یونیورسٹی اور ایران کی دانشگاہ آزاد اسلامی کے مابین سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں مشترکہ تعاون کے حوالے سے مفاہمت کی یاداشت (MoU) پر دستخطوں کی تقریب (10مارچ 2023ء) کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ایرانی سفیر نے مزید بتایا کہ اوپن یونیورسٹی اور دانشگاہ آزاد اسلامی دونوں جامعات کی صلاحیتیں اور انفراسٹرکچر بہت مضبوط ہے جو باہمی تعاون کو احسن طریقے سے آگے بڑھا سکتے ہیں۔اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے مابین مذہب، تہذیب اور ثقافت کے گہرے رشتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اوپن یونیورسٹی تعلیم کے ذریعے دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی پوری کوشش کرے گی۔شعبہ بین الاقوامی امور کے ڈائریکٹر، ڈاکٹر زاہد مجید نے ایرانی وفد کو یونیورسٹی کے نظام تعلیم اور ملک گیر تعلیمی خدمات پر تفصیلی بریننگ دی۔معاہدے کے مطابق دونوں ممالک کے فنون و تمدن اور زبان و ادب کو فروغ دیا جائے گا، مشترکہ سائنسی سیمینار اور کانفرنسوں کا انعقاد، مطبوعات اور تعلیمی متنوں کا تبادلہ، فیکلٹی ممبران، سکالرز اور طلباء کے تبادلے، مشترکہ کورسز پیش کرنا اور ورکشاپس کا انعقاد دونوں جامعات کے مابین خط ارادیت کا حصہ ہیں۔




# اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کا اجلاس

## ہماری منزل ایک ہے، ادارے کی ترقی کے لئے مل جل کے کام کریں گے ۔پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

نظام تعلیم میں استاد کو مرکزی مقام حاصل ہے اور اساتذہ معاشرے کے سب سے ذمہ دار افراد ہوتے ہیں، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ملازمین کو ترقی کے بہتر مواقع فراہم کرنا اور یونیورسٹی کے نظام کو مزید بہتر بنانا میری دلی خواہش ہے اِن خیالات کا اظہار علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کے اجلاس سے خطاب میں کیا۔انہوں نے کہا کہ دائرہ اختیار کے مطابق یونیورسٹی کے ملازمین کی بہبود کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہا ہوں۔ڈاکٹر ناصر محمود کا کہنا تھا کہ ہماری منزل ایک ہے، ادارے کی ترقی کے لئے مل جل کے کام کریں گے۔اے ایس اے کے صدر، معین الدین ہاشمی نے اپنے خطاب میں فیکلٹی ممبران کی پروموشنز اور اگلے گریڈوں میں تعیناتیوں کے لئے اشتہار کی اشاعت جیسے دیگر مطالبات پیش کرنے کے علاوہ فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام، فیکلٹی ورک لوڈ، ریسرچ گرانٹ اور ٹرانسپورٹ پالیسی پر نظرثانی کی بھی درخواست کی۔



# کیمسٹری میں جدید رجحانات پر بین الاقوامی کانفرنس

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں شعبہ کیمسٹری کے تحت "کیمسٹری میں جدید رجحانات" کے موضوع پر دو روزہ پانچویں بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ یونیورسٹی اور انڈسٹری کے درمیان مضبوط روابط معاشی چیلنجز سے نمٹنے کا اہم ذریعہ ثابت ہوسکتا ہے۔اپلائیڈ ریسرچ پر زور دیتے ہوئے، ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ ملک کی ترقی کے لئے معاشرتی چیلنجز اور درپیش مسائل کے حل پر مبنی تحقیق کی ضرورت ہے۔ڈاکٹر ناصر محمود نے مزید کہا کہ روشن پاکستان کے لئے ملکی وسائل کو بچانے کی اشد ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ مضمون سے ہٹ کر سکالرز، طلبہ اور نوجوان نسل کو بجلی، گیس، پانی و دیگر قومی وسائل کو بچانے کی




جانب سنجیدگی سے سوچنا ہوگا۔وائس چانسلر کا کہنا تھا کہ نوجوان نسل ان چھوٹے چھوٹے رویوں کو اپنانے سے پاکستان کو ترقی یافتہ ممالک میں شامل کر سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اوپن یونیورسٹی میں کانفرنسز کا موسم عروج پر ہے جس سے نوجوانوں کو قومی اور عالمی ریسرچ کمیونٹی کے ساتھ بات چیت کے مواقع ملتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اس کانفرنس میں طلبہ کو کیمسٹری میں حالیہ رجحانات سے روشناس کرایا جائے گا۔کانفرنس میں ملکی ماہرین کے علاوہ روس، برطانیہ اور سویڈن کے علاوہ دیگر ممالک کے ماہرین شریک ہیں۔دیگر مقررین میں ڈین فیکلٹی آف سائنسز، پروفیسر ڈاکٹر ارشاد احمد ارشد، شعبہ کیمسٹری کی چیئر پرسن، ڈاکٹر عظمیٰ یونس اور فاطمہ جناح وویمن یونیورسٹی کی فیکلٹی



آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی ڈین، پروفیسر ڈاکٹر عزیرہ رفیق شامل تھیں۔ڈاکٹر عزیرہ رفیق نے پائیدار ترقی کے اہداف اور کیمسٹری پر اپنا مقالہ پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ ایس ڈی جی کے 17 میں 7 اہداف براہ راست کیمسٹری سے منسلک ہیں۔انہوں نے صنعتی شعبے کو درپیش چیلنجز بھی تفصیل سے بیان کیں۔انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی صنعت میں کیمیائی صنعت ایک ابھرتا ہوا شعبہ ہے جو ٹیکسٹائل اور زراعت کے بعد پاکستان کا تیسرا سب سے بڑا اور مینوفیکچرنگ برآمدات میں دوسرا بڑا شعبہ ہے۔ڈین فیکلٹی آف سائنسز، پروفیسر ڈاکٹر ارشاد احمد ارشد نے کہا کہ یہ کانفرنس طلبہ کو جدید علوم اور تازہ ترین معلومات سے باخبر رکھنے کے لئے ملکی اور بین الاقوامی تعلیمی اداروں کے ساتھ اشتراک عمل کی کوششوں کا حصہ ہے۔انہوں نے کہا کہ اس طرح کی کانفرنسز ہمیں دنیا بھر کے ماہرین اور سائنسدانوں کے ساتھ نیٹ ورک کے خصوصی مواقع پیش کرتی ہیں۔شعبہ کیمسٹری کی چیئر پرسن، ڈاکٹر عظمیٰ یونس نے کانفرنس کے اغراض و مقاصد تفصیل سے بیان کئے ۔



# "فکر اسلامی میں روایت وجدت: تاریخی وعصری تناظرات" کے موضوع پر دوروزہ عالمی کانفرنس

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں شعبہ اسلامی فکر، تاریخ وثقافت، کلیہ عربی و علوم اسلامیہ کے زیر اہتمام " فکر اسلامی میں روایت و جدت: تاریخی و عصری تناظرات " کے موضوع پر دوروزہ عالمی کانفرنس کی افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ کانفرنس کے نتیجے میں اصلاح معاشرہ کے لئے روڈ میپ متعین ہونا چاہیئے، جس پر عمل پیرا ہوکرنئی نسل ایک اچھی زندگی کا آغاز کرسکیں۔انہوں نے کہا



کہ ایک دوسرے کو سننے اور جاننے سے ہی برداشت کا کلچر فروغ پاتا ہے، ہمیں اپنی ذات کے حصار سے نکل کر دوسروں کو سننے اور گفتگو کے کلچر کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ اس امر سے معاشرے میں محبت، تعاون اور برابری کی فضاء قائم ہوگی۔انہوں نے کہا کہ اس طرح کی علمی محافل کے انعقاد سے ہی جامعات معاشرے میں تبدیلی لانے کے لئے



آگے بڑھتی ہیں۔ڈاکٹر ناصر نے اس اہم ترین موضوع پر کانفرنس کے منتظمین کو مبارکباد دی اور ملک و بین الاقوامی شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔





علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس" فکر اسلامی میں روایت وجدت: تاریخی وعصری تناظر" سے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود ودیگر مقررین خطاب کررہے ہیں۔

# جی بی، بلوچستان، سابقہ فاٹا کے طلبہ کو میٹرک کی تعلیم مفت فراہم کی جاتی ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

## یونیورسٹی معذور افراد، خواجہ سراؤں اور جیل کے قیدیوں کو بھی مفت تعلیم فراہم کرتی ہے

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اپنے مخصوص طریقہ تدریس کی بدولت ملک بھر کے دور افتادہ اور پسماندہ ترین علاقوں میں رہائش پذیر خواتین بطور خاص سماجی و معاشی مجبوریوں کے باعث سلسلہ تعلیم ترک کرنے والی بچیوں کی اولین ترجیح بن چکی ہے۔ان خیالات کا اظہار علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے صحافیوں کے ساتھ ملاقات میں یونیورسٹی کی تعلیمی خدمات پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس قومی جامعہ کے 12 لاکھ رجسٹرڈ طلبہ میں 51 فیصد طالبات ہیں۔ڈاکٹر ناصر نے صحافیوں کو بتایا کہ یونیورسٹی ملک کی شرح خواندگی بڑھانے میں



مثالی کردار ادا کررہی ہے، اس مقصد کے لئے یونیورسٹی صوبہ بلوچستان، گلگت بلتستان اور قبائلی اضلاع (سابقہ فاٹا) میں میٹرک کی تعلیم بالکل مفت فراہم کرتی ہے۔انہوں نے بتایا کہ یونیورسٹی معذور افراد، خواجہ سراؤں اور جیل کے قیدیوں کو بھی مفت تعلیم فراہم کرتی ہے۔ڈاکٹر ناصر محمود کا کہنا تھا کہ تعلیم ہر ایک کا بنیادی حق ہے، یونیورسٹی یہ حق ادا کرنے کے لئے ملک بھر کے ایسے غریب اور مستحق طلباء وطالبات جو محض فیس ادا نہ کرسکنے کی وجہ سے تعلیم کا سلسلہ جاری نہیں رکھ سکتے ایسے طلبہ کو تعلیمی نیٹ ورک میں شامل کرنے کے لئے داخلہ فیس میں رعایت فراہم کرتی ہے۔ڈاکٹر ناصر محمود نے مزید بتایا کہ یونیورسٹی کا سارا نظام ڈیجیٹلائزڈ ہو چکا ہے، میٹرک، ایف اے اور بی اے کے طلباء وطالبات کو کتب پہلے سے رائج طریقہ کار کے مطابق بذریعہ ڈاک ارسال کی جاتی ہیں جبکہ بی ایس اور ٹیچرز ٹریننگ پروگراموں کی کتب یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر طلبہ کو مفت فراہم کی گئیں ہیں۔ڈاکٹر ناصر محمود نے صحافیوں کے سوال کے جواب میں کہا کہ ملک بھر کے جن علاقوں میں انٹرنیٹ کی سہولیات موجود نہیں، اُن علاقوں کے طلبہ اسائنمنٹس اپ لوڈ کرنے، ورکشاپس اور آن لائن کلاسز میں شامل ہونے کے لئے یونیورسٹی کے قریب ترین علاقائی دفاتر میں انٹرنیٹ کی مفت سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ایک اور سوال کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ درس وتدریس کے



معیار کو برقرار رکھنے کے لئے ملک بھر کے تمام جامعات کے ٹیچرز ہمارے پاس بطور جز وقتی ٹیوٹرز رجسٹرڈ ہیں۔انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹلائزیشن کے بعد معیار کو جانچنے کے لئے کوالٹی انہانسمنٹ سیل میں مانیٹرنگ سسٹم موجود ہے۔ڈاکٹر ناصر محمود کا کہنا تھا کہ یونیورسٹی کی پوری تاریخ میں اس قومی جامعہ کی ایک بھی جعلی ڈگری نہیں پکڑی گئی ہے جو اس جامعہ کے مانیٹرنگ سسٹم کا واضح ثبوت ہے۔



## ٹی بی کے عالمی دن کے حوالے سے پوسٹر مقابلے کا انعقاد

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں ٹی بی سے بچاؤ کے عالمی دن 2023 کے حوالے سے "ہاں ہم ٹی بی کو ختم کر سکتے ہیں" کے تھیم کے تحت طلباء و طالبات کے مابین پوسٹر مقابلے کا انعقاد کیا گیا جس کا بنیادی مقصد ٹی بی کی علامات اور بچاؤ سے متعلق آگاہی فراہم کرنا تھا جس میں یونیورسٹی کے فیس ٹو فیس پروگراموں میں داخل 60 سے زائد طلباء و طالبات نے حصہ لیا۔مقابلے کا اہتمام آفس آف ریسرچ انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن (اورک) نے شعبہ بیالوجی اور انوائرمنٹل ڈیزائن، ہیلتھ اینڈ نیوٹریشنل سائنسز کے تعاون سے کیا تھا۔ججز کے فرائض انجام دینے والوں میں فیڈرل نیشنل ٹی بی کنٹرول پروگرام کے زبیر احمد شاہ، راولپنڈی وویمن یونیورسٹی کی ڈاکٹر فریحہ اور اوپن یونیورسٹی کی ایڈیشنل رجسٹرار، بی بی یاسمین شامل تھیں۔پہلی پوزیشن فاطمہ رمضان اور خدیجہ نے حاصل کی، 5 ہزار نقد انعام دیا گیا، دوسری پوزیشن دلشہ شاہ خان اور تیسری پوزیشن دو طلبہ ڈاکٹر فاطمہ اور معروف سید/ سید حسن گیلانی نے حاصل کی۔دوسرے نمبر پر آنے والے امیدوار کو 3 ہزار جبکہ تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو 2 ہزار نقد انعام دیا گیا۔حصہ لینے والے تمام طلبہ کو تعریفی اسناد دی گئیں۔پوسٹر مقابلے کے احاطے میں آگاہی کونسلنگ ڈیسک قائم کیا گیا تھا جس پر ماہرین ٹی بی کی روک تھام اور علاج کے حوالے سے معلومات فراہم کرتے رہے۔




## موسم بہار کی شجر کاری مہم

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے خوبانی کا پودا لگا کر موسم بہار کی شجر کاری مہم کا افتتاح کیا ، پودے لگانے کی افتتاحی تقریب میں یونیورسٹی کے ڈینز، پرنسپل افسران اور فیکلٹی ممبران موجود تھے۔اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے پیش نظر پودے لگانا ملک کی اہم ترین ضرورت بن گئی ہے اور اوپن یونیورسٹی ہر سال بہار اور خزاں دونوں موسموں میں نہ صرف یونیورسٹی کے مین کیمپس میں بلکہ ملک بھر میں قائم یونیورسٹی کے 54 علاقائی دفاتر میں بھی سینکڑوں پودے لگا کر اس ضرورت کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پودے لگانا اور اسکی حفاظت کرنا صدقہ جاریہ ہے۔ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ سرسبز پاکستان ایک قومی مشن ہے اور ہدف کے حصول کے لئے ہم سب نے مل کر کام کرنا ہوگا۔ شعبہ زرعی سائنس کے چیئرمین، پروفیسر ڈاکٹر شیر محمد نے شجر کاری مہم پر وائس چانسلر کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ گذشتہ سال یونیورسٹی نے 1600 مختلف اقسام کے پودے لگائے تھے جبکہ آج 600 پودے لگائے جارہے ہیں جن میں آلو بخارہ، ناشپاتی، خوبانی، آڑو، لیمن، کینو اور خان پور کے مالٹے کے پودے شامل ہیں۔تمام شعبہ جات کے صدور، چیئرمین، چیئر پرسنز اور پرنسپل افسران نے پودے لگانے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔پودے لگانے کے بعد یونیورسٹی کی ترقی، پاکستان کی سلامتی واستحکام کے لئے دعا کی گئی۔



# اوپن یونیورسٹی طلبہ کی سہولتوں میں اضافہ پر خصوصی توجہ دے گی

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی طلبہ کی سہولتوں میں اضافہ پر خصوصی توجہ دے گی، طلبہ یونیورسٹی کا اصل اثاثہ اور فیملی ممبرز ہیں، اُن کے مسائل کے حل اور راہنمائی کے لئے کیمپسز میں ایک ہی پوائنٹ ہونا چاہیئے تاکہ انہیں مختلف شعبہ جات کے چکر نہ لگانا پڑے ان خیالات کا اظہار یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹ ایڈوائزری اینڈ کونسلنگ سروسز (ڈی ایس اے) میں طلبہ کے لئے قائم کردہ انفراسٹرکچر اور سہولتوں کا جائزہ لیتے ہوئے کیا۔ وائس چانسلر نے ایڈیشنل ڈائریکٹر سٹوڈنٹ ایڈوائزر، سید غلام کاظم علی کو ہدایت کی کہ طلبہ کی جانب سے ارسال کردہ ای میل، فون کالز اور خطوط کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب ہونا چاہیئے جس میں موصول ہونے والی درخواستوں کی تعداد، کتنے مسائل حل ہوئے، کتنے شعبہ جات کو فارورڈ کئے گئے اور کتنی درخواستیں فنڈنگ میں پڑی ہیں تاکہ طلبہ کی خدمات کو مزید بہتر کرنے کی حکمت عمل مرتب کرنے میں آسانی ہو۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے پرنسپل افسران بھی موجود تھے جن میں رجسٹرار، ڈائریکٹر جنرل ریجنل سروسز، ڈائریکٹر شعبہ داخلہ، کنٹرولر امتحانات، ڈائریکٹر آئی سی ٹی، انچارج سٹوڈنٹ فیسی لیٹیشن سینٹر، پلاننگ آفیسر و دیگر شامل تھے۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے پرنسپل افسران کو احکامات جاری کئے کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ داخلوں کی تاریخ میں توسیع، نتائج کے اعلانات جیسے طلبہ سے متعلقہ دیگر سرگرمیوں کے اہم فیصلوں سے ڈی ایس اے کو فوری طور پر آگاہ کیا جائے تاکہ طلبہ کو درست معلومات فوری طور پر فراہم ہوں۔ ڈاکٹر ناصر محمود نے ڈائریکٹر سٹوڈنٹ افیئرز کو ایلومینائی اور سٹوڈنٹ کونسلنگ کاؤنٹرز بنانے کی بھی ہدایت کی۔ وائس چانسلر نے یونیورسٹی کی ایلومینائی کو سماجی سرگرمیوں اور سٹوڈنٹ سپورٹ پروگرام میں بھرپور شرکت کرنے کی ضرورت کی خواہش کا اظہار بھی کیا۔



# پشاور کیمپس میں ریجنل ڈائریکٹرز کانفرنس

طلبہ کی سہولتوں میں اضافے کے لئے ایک جامع حکمت عملی مرتب کریں گے اور سٹاف کی پروفیشنل ڈیولپمنٹ پر خصوصی توجہ دیں گے اِن خیالات کا اظہار یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے یونیورسٹی کے پشاور ریجنل کیمپس میں صوبہ خیبر پختونخوا کے ریجنل ڈائریکٹرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وائس چانسلر نے صوبے کے علاقائی ناظمین کو ہدایت کی کہ وہ طلبہ کی سہولتوں کا خاص خیال رکھیں اور سٹاف کو ہدایت کریں کہ وہ طلبہ کے ساتھ نرم رویے، پیار محبت سے پیش آئیں اور داخلوں کے خواہش مند طلبہ کی بھرپور راہنمائی کریں۔ وائس چانسلر نے موسم بہار کی شجر کاری مہم کے تحت پشاور کیمپس میں پودا بھی لگایا۔








# اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر کا دورہ سندھ، وائس چانسلرز، ڈپٹی کمشنرز سے ملاقاتیں

## ایس آر ایس او کے اشتراک سے سندھ کے دیہی علاقوں میں تعلیمی سہولتیں پہنچائیں گے۔ڈاکٹر ناصر محمود

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے سندھ رورل سپورٹ آرگنائزیشن (ایس آر ایس او) سکھر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، محمد ڈٹل کلہوڑو سے ملاقات کے دوران سکھر سمیت سندھ کے دیگر دیہی علاقوں میں تعلیمی سہولتیں پہنچانے کے مشن پر تبادلہ خیال کیا۔ڈاکٹر ناصر محمود نے انہیں صوبہ سندھ میں قائم یونیورسٹی کے نیٹ ورک سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی ایس آر ایس او کے اشتراک سے سندھ کے دیہی علاقوں تک اپنے نیٹ ورک میں توسیع کا خواہش رکھتی ہے۔ڈاکٹر ناصر محمود نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر کشمور، منور علی مٹھیانی سے بھی ملاقات کی۔اس ملاقات میں وائس چانسلر نے ڈی سی سے ریجنل کیمپس کے لئے پلاٹ کے حصول پر بات کی۔ڈی سی نے انہیں بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔وائس چانسلر، ڈاکٹر ناصر محمود کی قیادت میں اوپن یونیورسٹی کے وفد نے آئی بی اے سکھر یونیورسٹی اور بیگم نصرت بھٹو ویمن یونیورسٹی کا دورہ بھی کیا۔آئی بی اے سکھر یونیورسٹی کے وائس چانسلر، ڈاکٹر آصف شیخ، بیگم نصرت بھٹو ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر تہمینہ منگن نے صوبہ سندھ میں تعلیم کے فروغ کے لئے اوپن یونیورسٹی کی کاوشوں کو سراہا۔ڈاکٹر ناصر محمود نے دونوں جامعات کے وائس چانسلر سے تعلیمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔وائس چانسلر نے کندھ کوٹ میں یونیورسٹی کے مطالعاتی مراکز کا دورہ بھی کیا جہاں پر انہوں نے داخلہ مہم اور دوسرے معاملات کا جائزہ لیا۔

### پسماندہ علاقوں میں نیٹ ورک کو توسیع دینے کا فیصلہ

اوپن یونیورسٹی ملک بھر کے دورافتادہ اور نسبتاً کم شرح خواندگی والے علاقوں میں تعلیمی نیٹ ورک کو توسیع دینے میں کوشاں ہے اور ملک کے ہر اُس حصے میں جہاں رسمی نظام تعلیم کی سہولتوں کا فقدان ہے وہاں پر علاقائی دفاتر/ ماڈل سٹڈی سینٹرز قائم کر رہی ہے اِن خیالات کا اظہار یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے یونیورسٹی کے کوئٹہ ریجنل کیمپس میں صوبہ بلوچستان کے ریجنل ڈائریکٹرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وائس چانسلر نے صوبے کے علاقائی ناظمین کو ہدایت کی کہ وہ ایسے علاقوں کی نشاندہی کرنے میں معاونت فراہم کریں جہاں تعلیمی سہولیات پہنچانے کی زیادہ ضرورت ہے۔ڈاکٹر ناصر نے کہا کہ ہماری خواہش ہے کہ ایک بھی فرد حصول تعلیم سے محروم نہ رہے اس مقصد کی بنیاد پر اوپن یونیورسٹی اپنے مشن کو آگے بڑھا رہی ہے۔انہوں نے یونیورسٹی کے ناظمین کو ہدایت کی کہ وہ یونیورسٹی کا پیغام بطور خاص میٹرک کی مفت تعلیم کی سہولت صوبے کے ہر گھر تک پہنچادیں تا کہ اس سہولت سے زیادہ سے زیادہ لوگ استفادہ کرسکیں۔وائس چانسلر نے ناظمین کو صوبے کے سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ کرنے اور وہاں تعلیمی ضرورتوں کا جائزہ لینے کی بھی ہدایت کردی۔

### سکھر میں ریجنل ڈائریکٹر کانفرنس

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ملک بھر کے دور افتادہ اور نسبتاً کم شرح خواندگی والے علاقوں میں تعلیمی سہولتیں پہنچا کر نظر انداز شدہ علاقوں میں علم کی شمع روشن کر رہی ہے اِن خیالات کا اظہار اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے یونیورسٹی کے سکھر ریجنل کیمپس میں صوبہ سندھ کے ریجنل ڈائریکٹرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ہم ملک کے دیگر صوبوں کے دورافتادہ علاقوں سمیت صوبہ سندھ کے ہر گھر تک تعلیم پہچانے کے لئے پرعزم ہیں۔اندرون سندھ جہاں بھی رسمی نظام تعلیم کی سہولتوں کا فقدان ہے وہاں پر تعلیم کے مواقع فراہم کریں گے۔ڈاکٹر ناصر محمود نے صوبائی ناظمین کو ہدایت کی کہ وہ طلبہ کی سہولتوں پر خاص خیال رکھیں یونیورسٹی آپ کو بھرپور سپورٹ فراہم کرے گی۔



## راولاکوٹ ریجن کا داخلہ مہم برائے سمسٹر بہار 2023ء

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے راولاکوٹ ریجن نے داخلہ مہم برائے سمسٹر بہار 2023 بھرپور انداز میں چلایا، ریجنل ڈائریکٹر، عبیداللہ خان نے اپنی ٹیم کے ہمراہ علاقے کے ہر حصے کا دورہ کیا اور مختلف اہم مقامات پر لوگوں کو یونیورسٹی میں داخلے کی جانب راغب کرنے کے لئے بریفنگ سیشنز منعقد کیں، شرکاء میں داخلے کے بروشرز بھی تقسیم کئے۔علاوہ ازیں انہوں نے آزاد کشمیر کے نئے تحصیل بیر پانی باغ میں سیل پوائنٹ کے قیام کا جائزہ بھی لیا۔



## ریجنل ڈائریکٹر، تیمر گرہ کا وادی چکدرہ دیرلوئیر میں امتحانی سینٹر کا دورہ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے تیمر گرہ ریجن کے ریجنل ڈائریکٹر، معاذ احمد نے اپنی ٹیم کے ہمراہ سمسٹر خزاں 2022ء کے امتحانات کے لئے وادی چکدرہ دیرلوئیر میں قائم شدہ امتحانی مرکز کا دورہ کیا۔انہوں نے امتحانی ہال میں طلبہ کی سہولتوں کا جائزہ لیا۔طلبہ کے شناختی کارڈز چیک کئے۔ انہوں نے امتحانی عملے کو امتحانات میں شفافیت کو یقینی بنانے کے حوالے سے ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔



## ریجنل ڈائریکٹر حیدرآباد کا ٹنڈو محمد خان میں امتحانی مرکز کا دورہ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی حیدرآباد کے ریجنل ڈائریکٹر نیاز علی ماکا کا بوائز ہائی اسکول ٹنڈو محمد خان میں قائم امتحانی سینٹر کا دورہ مختلف شعبوں میں طلبہ وطالبات نے امتحانات میں حصہ لیا اس موقع پر نیاز علی ماکا نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی محکمہ ایجوکیشن کی جانب سے ٹنڈو محمد خان میں امتحانی سینٹر قائم کیا گیا ہے جس کے باعث یہاں کے طلبہ وطالبات کو بہت فائدہ ہوگا پہلے حیدرآباد اور ضلع بدین میں امتحانات دینے جاتے تھے اس سینٹر کے قیام سے خاص طور پر خواتین کو بہت فائدہ پہنچے گا انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال اوپن یونیوسٹی کی جانب سے اسکول کالج اور یونیورسٹی تک کے طلبہ وطلابات کو تعلیم کی سہولت فراہم کر رہی ہے شعبے بی ایس، ایم فل ، اے ای ڈی، بی ایڈ آنرز ، بی اے سمیت دیگر پروگرام چل رہے ہیں جس سے طلباء زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کر رہے ہیں

## نارووال کیمپس میں ٹیچنگ پریکٹس ورکشاپ

نارووال ضلع میں ٹیچنگ پریکٹس کی ورکشاپس کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گی، ان ورکشاپس میں تحصیل شکرگڑھ، ظفروال اور نارووال کے طلبہ وطالبات نے شرکت کی، ورکشاپ کے اختتام پر طالبات نے ماحولیاتی آلودگی، صحت اور توانائی سے متعلق آگاہی دی اور پروجیکٹ پیش کیے،اس موقع پر ریجنل ڈائریکٹر سید باقر ہمدانی نے کہا کہ اوپن یونیورسٹی کے طلبہ اثاثہ ہیں اور ان کی شخصیت سازی پر کام کر رہے ہیں، امتحانات میں شفافیت اور فول پروف انتظامات اولین ترجیح ہے اور اس پر ہرگز سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔

